حکومتِ ہند

وزارتِ اقلیتی امور

حج کمیٹی آف انڈیا

اعلان برائے حج-2027 عیسوی (1448 ہجری)

حج کمیٹی آف انڈیا، حج 2027 کے لیے اہل اور خواہشمند عازمینِ حج سے آن لائن حج درخواست فارم کے ذریعے درخواست طلب کرتی ہے۔ درخواست حج کمیٹی آف انڈیا کی ویب سائٹ اور iOS/Android پر دستیاب موبائل ایپ حج سوویدھا (Haj Suvidha) کے ذریعے جمع کی جاسکتی ہے۔

2۔ درخواست جمع کرنے کی سہولت 22.06.2026 سے 20.07.2026 (رات 11:59 بجے) تک دستیاب رہے گی۔ جولائی 2026 کے آخری ہفتے میں قرعہ (ڈیجیٹل رینڈم سلیکشن) کے عمل کے بعد، عارضی طور پر منتخب ہر عازمِ حج کو 10.08.2026 تک 1,52,300 روپے کی پیشگی رقم جمع کرنا ہوگی۔ ان مقررہ اوقات اور تاریخوں میں کسی قسم کی رعایت یا توسیع ممکن نہیں ہوگی۔

3۔ درخواست دہندگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ درخواست جمع کرنے سے قبل رہنما ہدایات (Guidelines) اور اقرارات (Undertakings) کا بغور مطالعہ کر لیں اور اپنی اہلیت کی تصدیق کر لیں۔ حج درخواست کے لیے درج ذیل دستاویزات کی اسکین شدہ نقول (تصاویر قابلِ قبول نہیں ہوں گی) اپ لوڈ کرنا لازمی ہے:

(الف) ہندوستانی بین الاقوامی پاسپورٹ کے پہلے اور آخری صفحات (1200 × 800 پکسل، JPG/JPEG، 100–500 KB)، جو کم از کم 31.12.2027 تک کارآمد ہو؛

(ب) سفید بیک گراؤنڈ کی حالیہ پاسپورٹ سائز تصویر (640×480 پکسل، JPG/JPEG، 5–20 KB)؛

(ج) بینک پاس بک یا منسوخ شدہ چیک (750×590 پکسل، JPG/JPEG، 80–250 KB)؛ اور

(د) مستقل پتے کا ثبوت (750×590 پکسل، JPG/JPEG، 80–250 KB)۔

4۔ حج سیٹ کی منسوخی کی سختی سے حوصلہ شکنی کی جاتی ہے کیونکہ اس سے انتظامی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ لہٰذا حج سیٹ کی منسوخی پر حج 2027 کی گائیڈ لائنز (رہنما ہدایات) کے مطابق جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ اس لیے خواہشمند عازمینِ حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی تیاری اور حج کی ادائیگی کے پختہ عزم کا مکمل اطمینان کرنے کے بعد ہی درخواست دیں۔

22/6/26

(شانواس سی، آئی اے ایس)

چیف ایگزیکٹو آفیسر

تاریخ: 22 جون 2026

مقام: ممبئی